بخدمت جناب سی ٹی سی صاحبان ،

یونین کونسل ہریانہ پایان

جناب عالی!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں شعیب مجید (UCCO) ہریانہ میں گزشتہ چار سال سے اپنی خدمات نہایت دیانتداری اور ذمہ داری سے سرانجام دے رہا ہوں۔ میں بحیثیت (UCCO) آپریشنل ٹیم کے معاملات میں مداخلت کے اختیارات نہیں رکھتا اور نہ ہی کبھی ماضی میں مداخلت کی ہے۔

گزشتہ مہم جون (SNID Mop up) کے دوران تین (CHWs) نے امتحانات میں شرکت کی ہے۔ یونین کونسل میں ہونے والے تمام کام (UCPO) کے احکامات کے مطابق سرانجام دئیے جاتے ہیں۔ آپریشنل ٹیم کی حاضریوں اور غیر حاضریوں کے متعلق معلومات رکھنا میری ذمہ داری میں شامل نہیں۔ جون میں ہونے والی مہم کے تیسرے دن 21 جون کو (TDO) سر طاہر کی مانیٹرنگ میں یہ بات سامنے آئی کہ تینوں (CHWs) ڈیوٹی پر موجود نہیں ہیں۔ مہم کے چوتھے دن 22 جون کو (TCO) سر سربر نے آپریشنل ٹیم کے حاضریوں کے رجسٹر کا معائنہ کیا جس پر انھوں نے (UCPO) محمد اسحاق سے ان (CHWs) کی غیر حاضری کی وجہ دریافت کی تب محمد اسحاق صاحب کا موقف تھا کہ ہمارے منع کرنے کے باوجود یہ (CHWs) امتحانات دینے گئی ہیں حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی ٹیم ممبر اپنے مشران کی اجازت یا ان کے نوٹس میں بات لائے بغیر کوئی بھی کام سرانجام نہیں دے سکتا۔ یہ (CHWs) صبح کے وقت اپنے امتحانات میں شرکت کر کے دوپہر کے وقت اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتی تھیں۔ مہم کے پانچویں دن 23 جون کو (UCPO) محمد اسحاق کی طرف سے ڈسٹرکٹ کو ان (CHWs) کی مکمل حاضری بھیجی گئی۔ اسی دن سر سربر صاحب نے فیلڈ کا دورہ کیا جس نے انھوں نے مختلف گھروں سے ان (CHWs) کی حاضری کی تفتیش کی۔ اس سلسلے میں انھوں نے مختلف گھروں سے آڈیو اور ویڈیو بیانات لئے۔ سر سربر صاحب نے دو (ALSM) زاہداللہ اور طاہر شاہ کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنے علاقوں میں بھی ان تینوں (CHWs) کی حاضری کی رپورٹ پیش کریں۔ رپورٹ میں یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ ان تینوں (CHWs) نے ایک دن پہلے ہی مقررہ گھروں میں ویکسینیشن کر لی تھی۔ مہم کے آٹھویں دن تمام (UC) افسران یا متعلقہ (CHWs) یا AS ، ALMS کو تفتیش کے لئے ERU طلب کیا گیا۔ میٹنگ سے 2 گھنٹے قبل (UCPO) محمد اسحاق نے تمام ALSM اور UC افسران کو اپنے پاس طلب کیا اور یہ فیصلہ ہوا کہ تفتیش کے دوران تمام حاضرین اس بات پر قائم رہیں کہ ہمیں ان تینوں (CHWs) کے امتحانات کے متعلق کوئی علم نہیں تھا اور وہ اپنی مرضی سے امتحانات دینے گئی تھیں۔ ERU میں ڈاکٹر سیف اللہ کی سربراہی میں مندرجہ بالا تمام عملے سے پوچھ گچھ کی گئی جس میں مذکورہ بالا تمام واقعہ زیر بحث لایا گیا۔

CamScanner

العارض

شعیب مجید

(UCCO) نہر یانہ پایان

مورخہ: 21 جولائی 2023

CS CamScanner